23-09-202

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں فیصل خان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

--------------------------------------------------------------

* حکومت نے رواں مالی سال کے دوران پردھان منتری اُجولا یوجنا کے تحت مزید 25 لاکھ LPGکنکشن فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اس سے خواتین کو بااختیار بنانے کے عزم کو تقویت ملے گی۔

* بھارت اور مراکش نے دفاعی، صنعتی اشتراک کو بڑھانے کی خاطر Rabat میں دفاعی تعاون سے متعلق مفاہمت نامے پر دستخط کئے۔

* صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلّی میں 71 ویں قومی فلم ایوارڈز عطا کریں گی۔

* آج 10 واں نیشنل آیوروید ڈے منایا جائے گا، جو روایتی بھارتی طریقہ علاج کے عالمی سطح پر فروغ کے سلسلے میں ایک تاریخی سنگ میل ہے۔

* فرانس نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں فلسطین کو ریاست تسلیم کرلیا ہے۔

* اور، گرانڈ ماسٹر Divyaدیشمکھ کو آئندہ FIDE ورلڈ کپ-2025 کیلئے وائلڈ کارڈ انٹری عطا کی گئی ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Ujjawala

حکومت نے رواں مالی سال کے دوران پردھان منتری اجولا یوجنا کے تحت 25لاکھ اضافی ایل پی جی کنیکشن فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ نوراتری کے پہلے دن خواتین مستفدین کو مبارک باد دیتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ حکومت کے اس قدم سے نہ صرف اس مقدس تہوار پر ان کے لئے نئی خوشی اور مسرت لائے گا بلکہ خواتین کو بااختیار بنانے کے عزم کو بھی تقویت ملے گی۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے بتایا کہ حکومت 25 لاکھ نئے ایل پی جی کنیکشنس میں سے ہر کنیکشن پر 2 ہزار روپے سے زیادہ رقم خرچ کرے گی۔

انھوں نے کہا کہ اس توسیع کے ساتھ اجوالا فیملی ممبروں کی تعداد میں 10 کروڑ 98 لاکھ کا اضافہ ہو جائے گا۔ جناب پوری نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ سبھی خواتین کو کھانا پکانے کا صاف ایندھن دستیاب ہو سکے گا۔

PM GST Reforms

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ GST کی شرحوں میں کٹوتی کے نتیجے میں گھروں کے لیے زیادہ بچت ہو سکے گی اور کاروبار کرنے میں آسانی پیدا ہوگی اور اس میں مزید سدھار آئے گا۔ کل نوراتری کے پہلے دن ایک مراسلے میں ہموطنوں کو نیک خواہشات پیش کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ GST کی شرحوں میں کٹوتی کا مطلب ہے: ہر گھر کے لیے زیادہ بچت اور کاروبار کرنے میں زیادہ آسانی پیدا کرنا۔

GST Reforms Toys Texttiles

اگلے سلسلے کی GST اصلاحات کے ساتھ عوام اب GST اصلاح کا فائدہ حاصل کر سکیں گے۔ ٹیکس کے نئے نظام کے تحت جو کَل سے نافذ ہو گیا ہے، نئے ٹیکس ڈھانچے کے تحت GST کونسل نے بالواسطہ ٹیکس نظام کو سہل بنادیا ہے اور اب پانچ فیصد اور 18 فیصد کے صرف دو زمرے ہوں گے جبکہ پہلے پانچ فیصد، 12 فیصد، 18 فیصد اور 28 فیصد کے چار زمرے تھے۔

ان اصلاحات کے ذریعے کئی اشیا اور خدمات پر ٹیکس کم کرکے شہریوں کو براہِ راست راحت فراہم کی جا سکے گی۔

V/C Saklen

اگلے سلسلے کی جی ایس ٹی اصلاحات کے تحت حکومت نے مختلف شعبوں میں ٹیکس میں اہم کٹوتی کا آغاز کیا ہے۔ کپڑے کی صنعت کو راحت فراہم کرنے کی غرض سے حکومت نے انسان کے بنائے ہوئے فائبر پر جی ایس ٹی 18 فیصد سے گھٹا کر 5 فیصد کر دی ہے جبکہ انسان کے بنائے ہوئے دھاگوں پر ٹیکس شرحوں میں بھی کمی کی ہے، اور اسے 12 فیصد سے گھٹا کر 5 فیصد کر دیا ہے اس فیصلے سے ملک میں ٹیکسٹائل کے شعبے کو براہِ راست فائدہ پہنچے گا۔ کھلونوں کی گھریلو صنعت کو تعاون دینے کیلئے حکومت نے کھلونوں اور کھیل کے سامان پر جی ایس ٹی 12 فیصد سے گھٹا کر 5 فیصد کر دی ہے، اس فیصلے سے سستے کھلونے زیادہ تعداد میں بن سکیں گے اور گھریلو اور کھلونوں بنانے والی MSME کو بھی مدد ملے گی۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے کھلونے بنانے والی ایک کمپنی کے Moiz CEO Gavajiwalaنے اگلے سلسلے کی جی ایس ٹی اصلاحات کی ستائش کی ہے۔ ان اصلاحات سے معاشرے کے سبھی طبقوں کیلئے کھلونے سستے ہو جائے گے۔

S/B MOIZ

جی ایس ٹی میں کٹوتی سے عام آدمی خصوصاً متوسط طبقے کے لوگوں پر مالی بوجھ کم ہو جائے گا۔

سقلین اخترکی رپورٹ کے ساتھ خبر نامہ کے لئے میں---------

## Rajnath Morocco

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور مراکش کے وزیر دفاع عبداللطیف لودیئی نے کل رباط میں دفاعی تعاون سے متعلق ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ یہ مفاہمت نامہ بڑھتی ہوئی شراکت داری کے لیے ایک مضبوط ادارہ جاتی فریم ورک فراہم کرے گا اور دفاعی صنعت، مشترکہ فوجی مشقیں فوجی تربیت اور صلاحیت سازی میں اشتراک کی راہ ہموار کرے گا۔

دونوں رہنماؤں نے دفاعی صنعتی اشتراک بڑھانے کا بھی فیصلہ کیا ہے اور ایک جامع روڈ میپ پر بھی اتفاق کیا گیا ہے، جن میں انسدادِ دہشت گردی اور بحری سلامتی، سائبر دفاع، امن قائم کرنے کے لیے کارروائیاں، فوج کے لیے دوائیں اور ماہرین کے تبادلے شامل ہیں۔ دونوں ملکوں کے وزراء کے درمیان تبادلۂ خیال سے بھارت اور مراکش کے درمیان دیرپا دوستی کو مزید مستحکم کرنے کے مشترکہ عزم کی عکاسی ہوئی ہے۔

ان اقدامات کو جہت دینے کی غرض سے جناب راجناتھ سنگھ نے رباط میں بھارت کے سفارتخانے میں ایک نیا دفاعی ونگ کھولنے کا اعلان کیا ہے۔ انھوں نے دفاعی تعاون بڑھانے پر مزید تبادلۂ خیال کے لیے جناب عبد اللطیف کو بھارت کا دورہ کرنے کے لیے باقاعدہ دعوت نامہ بھی پیش کیا۔x

## Jaishankar-Rubio-Sergio

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے نیویارک میں منعقدہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 80 ویں اجلاس کے موقع پر اپنے امریکی ہم منصب مارکو روبیو سے ملاقات کی۔ دونوں وزراء کے درمیان اس سال ہونے والی یہ تیسری میٹنگ ہے۔ اس سے پہلے دونوں وزراء نے واشنگٹن میں Quadکے وزرائے خارجہ کی میٹنگ کے دوران بات چیت کی تھی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے بتایا کہ اس میٹنگ میں دو طرفہ اور عالمی معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ دونوں وزراء کے درمیان ترجیحی شعبوں میں پیش رفت کی خاطر پائیدار معاہدوں کی اہمیت پر اتفاق کیا گیا۔×

## Goya Jamieson Trade

تجارت وصنعت کے وزیر پیوش گوئل نے بھارت اور امریکہ کے درمیان ایک تجارتی معاہدے کے پہلے مرحلے کے بارے میں بات چیت کی خاطر امریکہ کے تجارت سے متعلق نمائندے Jamieson Greerسے ملاقات کی ہے۔ اس سے پہلے امریکی عہدیدار Brendan Lynch اور بھارت کے تجارت سے متعلق چیف مذاکرات کار راجیش اگروال کے درمیان کوششوں کو بڑھانے پر اتفاق رائے ہوا تھا۔

یہ تجارتی مذاکرات، صدر ٹرمپ کی طرف سے 16 ستمبر کو بھارت کے وزیراعظم نریندر مودی کو، اُن کے 75 ویں یوم پیدائش کی مبارک باد دینے کے بعد شروع ہوئے ہیں۔ جناب مودی نے

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا شکریہ ادا کیا تھا اور یوکرین میں امن کی خاطر ان کی طرف سے کئے جانے والے اقدامات کی حمایت کی تھی۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Natinal Film Awards

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، آج نئی دلی میں ایک تقریب کے دوران سال 2023 کیلئے 71ویں نیشنل فلم ایوارڈس عطا کریں گی۔ اِس موقع پر سرکردہ فلم اداکار، ڈائریکٹر اور پروڈیوسر موہن لال کو دادا صاحب پھالکے ایوارڈ عطا کیا جائے گا، جو سنیما کے شعبے میں سب سے اعلیٰ اعزاز ہے۔

V/C Priya

سال 2023 کے لیے مختلف زمروں میں 71ویں نیشنل فلم ایوارڈز عطا کیے جائیں گے۔ یہ ایوارڈز فلم سازی، اداکاری اور فلمی کہانی کار کے لیے دیے جائیں گے۔ بہترین فیچر فلم کا ایوارڈ ہندی فلم 12ویں فیل کو دیا جائے گا، جبکہ بہترین ہندی فیچر فلم ایوارڈ Kathal: A Jackfruit Mystery کو دیا جائے گا۔

بہترین اداکاری کے زمرے میں نیشنل فلم ایوارڈس اداکار شاہ رخ خان کو اُن کی فلم ”جوان“ کے لیے عطا کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ اداکار Vikrat Masseyکو بھی 12ویں فیل کے لیے دیا جائے گا۔ بہترین اداکارہ کا ایوارڈ رانی مکھرجی کو فلم Chatterjee vs Mrs.ناروے میں بہترین اداکاری کیلئے ایوارڈ عطا کیا جائے گا۔ بہترین ہدایت کاری کا اعزاز Sudipto Sen کی The Kerala Storyکو دیا جائے گا۔

ہندی فلم راکی اور پریم کہانی کو بہترین مقبول فلم کیلئے ایوارڈ دیا جائے گا۔

ہندی فلم جوان کے لیے بہترین فی۔میل Play Back سنگر کا ایوارڈ شلپا راؤ کو دیا جائے گا۔ جبکہ مردوں کے زمرے میں PVNS روہت کو تیلگو فلم Baby کیلئے ایوارڈ عطا کیا جائے گا۔

نئی دلی سے Priya Mondal کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.........

Amit Shah Start UP

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج گاندھی نگر میں واقع مہاتما مندر میں اسٹارٹ اَپ کنکلیو 2025 کا افتتاح کریں گے۔ گجرات کے وزیراعلیٰ بھوپیندر پٹیل اور ریاست کے اعلیٰ تکنیکی تعلیم سے متعلق وزیر Rushi کیش پٹیل اس افتتاحی تقریب میں شرکت کریں گے۔ ریاستی محکمہ تعلیم کے زیر اہتمام منعقدہ اس دو روزہ تقریب میں ایک ہزار اسٹارٹ اَپ، پانچ ہزار اختراع کار، 100 صنعتی

ماہرین، 50 سے زیادہ وینچر فنڈس اور سرکردہ پالیسی ساز ایک ہی پلیٹ فارم پر جمع ہوں گے۔×

10th National Ayurveda Day

آیوروید کے 10 ویں قومی دن کی تقریبات آج گوا کے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف آیوروید میں منعقد کی جائیں گی۔ یہ، روایتی بھارتی طریقہ علاج کے عالمی سطح پر فروغ کے سلسلے میں ایک تاریخی سنگ میل ہے۔ آیوش کی وزارت کے مرکزی وزیر مملکت (آزادانہ چارج) جناب پرتاپ راؤ جادھو اِس تقریب کا افتتاح کریں گے۔ اس موقع پر بجلی اور جدید اور قابل تجدید توانائی سے متعلق وزارت کے مرکزی وزیر مملکت جناب شری پدیسونائک بھی موجود رہیں گے۔

اِس سال آیوروید کے قومی دن کے موقع پر ”لوگوں کیلئے آیوروید،کرہئ ارض کیلئے آیوروید“ موضوع کے تحت آیوروید کی روایت اور صحت اور ماحولیاتی پائیداریت میں اس کے تعاون کو اُجاگر کیا جائے گا۔ اس موقع پر آیوروید کے شعبے میں ممتاز خدمات انجام دینے والے افراد کو ’نیشنل دھن وَنتری آیوروید ایوارڈ-2025“ سے نوازا جائے گا۔×

Seva Parv-Informal Sector

سیوا اور سُشاسن یعنی عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی کے منتر پر قدم بڑھاتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں سرکار بڑی تبدیلی لانے اور ترقی کیلئے انتھک کام کررہی ہے۔ Seva Parvکے عنوان سے خصوصی سلسلے میں آج ہم اِس بارے میں بات کررہے ہیں کہ مودی سرکار نے کس طرح پورے ملک میں فلاحی اقدامات، سماجی تحفظ اور مالی شمولیت کے ذریعہ غیر منضبط شعبے کو مستحکم کیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ...........

Capsule

گزشتہ سال پی ایم سواندھی کے مستفیدین سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے یہ کہتے ہوئے یقین دہانی کرائی تھی کہ اگر آپ کے پاس قرض کی ضمانت کے طور پر دینے کیلئے کچھ نہیں ہے، تو فکر نہ کریں، مودی آپ کی گارنٹی لے گا۔

S/B Modi -Guarantee

غیر منضبط شعبہ بھارتی معیشت میں ایک اہم شراکت دار ہے اور مجموعی گھریلو پیداوار میں اس کا تعاون تقریباً 45 فیصد ہے۔ وزیراعظم مودی کے تحت حکومت نے اس غیر منظم شعبے میں کام کرنے والے لوگوں کو بااختیار بنانے کی ذمہ داری لی ہے۔ وزیراعظم ’اسٹریٹ وینڈرس آتم نربھر نِدھی‘ اسکیم نے اسٹریٹ وینڈرس کو کام کرنے کیلئے قرض کی فراہمی میں آسانی پیدا کی ہے اور اس کی ڈیجیٹل اداگی کیلئے کیش بیک جیسی خصوصیات سے مستفیدین کو فائدہ پہنچا ہے۔

یہ اسکیم جون 2020 میں کووڈ-19 وبا سے متاثرہ اسٹریٹ وینڈرس کی مدد کیلئے شروع کی گئی تھی اور اب اِسے سال 2030 تک بڑھادیا گیا ہے۔ جالندھر سے تعلق رکھنے والے ایک وینڈر نے بتایا ہے کہ کس طرح اس اسکیم سے اس کو کاروبار میں مدد ملی ہے۔

Byte: Beneficiary

ای-شرم پورٹل غیر منظم کارکنان کا ایک قومی ڈیٹا بیس ہے، جو سماجی تحفظ کی اسکیموں میں مدد کرتا ہے۔ یہ پورٹل روزگار کے مواقع، ہنر مندی کے مواقع اور سماجی تحفظ کے فوائد سے استفادہ کرنے میں مدد کرتا ہے۔

پی ایم شرم یوگی مان-دھن یوجنا غیر منظم کارکنان کیلئے ایک پنشن اسکیم ہے، جس میں حکومت ہند کی طرف سے 50 فیصد حصہ اور باقی متعلقہ کارکن کی طرف سے شامل ہوتا ہے۔

مودی حکومت کے مختلف اقدامات، خدمات کی فراہمی میں آنے والی رکاوٹوں کو دور کرر ہے ہیں، تاکہ کارکنان کو فائدے، قرض اور ٹریننگ ملے اور یہ شعبہ اقتصادی طور مستحکم ہوجائے۔

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے آج اڈیشہ میں مختلف مقامات پر شدید سے بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

چھتیس گڑھ، ساحلی آندھر پردیش، گنگوتری، مغربی بنگال، جھارکھنڈ، مدھیہ مہاراشٹر، مراٹھواڑہ اور شمال مشرقی ریاستوں میں بھی دن بھر ہلکی سے بھاری بارش ہونے کی توقع ہے۔x

## PM Rosh Hashanahؘ

وزیراعظم نریندر مودی نے یہودیوں کے نئے سال Rosh Hashanah کے مقدس موقع پر یہودی برادری اور اسرائیل کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے امید ظاہر کی کہ نیا سال ہر ایک کی زندگی میں امن، امید اور اچھی صحت لائے گا۔x

## France Palestine State

فرانس کے صدر ایمنوئل میخواں نے نیویارک میں اقوام متحدہ کے 80 ویں اجلاس میں باضابطہ فلسطین کی ریاست کو تسلیم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب میخواں نے کہا کہ فلسطین کی ریاست کو تسلیم کرنا ہی مسئلے کا واحد حل ہے، جس سے اسرائیل کیلئے امن سے رہنے میں مدد ملے گی۔ اِس فیصلے کو حماس کے لیے شکست بتاتے ہوئے انھوں نے اس بات پر زور دیا کہ فلسطینی عوام کے حقوق کو تسلیم کرنے سے اسرائیل کے عوام کے حقوق سلب نہیں ہوتے جن کی فرانس پہلے دن سے ہی مدد کر رہا ہے۔

فرانس کے صدر کا فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا اعلان کینیڈا، برطانیہ اور آسٹریلیا کی جانب سے فلسطین کو باضابطہ طور پر تسلیم کرنے کے ایک دن بعد سامنے آیا ہے۔

اِسے فرانس اور برطانیہ کی جانب سے کیے گئے فیصلے کو کافی اہمیت کے ساتھ دیکھا جا رہا ہے، کیونکہ دونوں ہی ملک G-7 اور اقوام متحدہ سلامتی کونسل کے رکن ہیں۔x

## Hockey

ملیشیا میں ہونے والے سلطان جوہر کپ کے لیے ہاکی انڈیا نے، بھارت کی مردوں کی اٹھارہ رکنی جونیئر ہاکی ٹیم کا انتخاب کیا ہے۔ کوچ پی۔آر Sreejesh نے کُل ہاکی ٹیم پر اعتماد کا اظہار کیا ہے اور جونیئر عالمی کپ سے قبل اس ٹورنامنٹ کو ایک اہم پلیٹ فارم بتایا ہے۔

بھارت، جس نے پچھلے سال کانسے کا تمغہ جیتا تھا، 11 اکتوبر کو برطانیہ کے خلاف اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔x

Divya FIDE Goa

FIDE خواتین ورلڈ کپ چمپئن گرانڈ ماسٹر دِیویا دیشمکھ کو آئندہ FIDE عالمی کپ-2025 کیلئے وائلڈ کارڈ عطا کیا گیا ہے۔ یہ مقابلہ 31 اکتوبر سے گوا میں ہوگا۔

دِیویا کو وائلڈ کارڈ اِنٹری ملنے سے یہ عالمی کپ مقابلہ مزید دلچسپ ہوجائے گا، کیونکہ اس میں ملک کے ریکارڈ 21 کھلاڑی حصہ لیں گے۔ بھارتی دستے کی قیادت عالمی چمپئن ڈی گوکیش کریں گے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر

شکریہ - فیصل

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والی آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے وزیر اعظم کے اروناچل پردیش دورے کی خبر کو اولین کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی سرخی ہے: وزیر اعظم نریندر مودی نے اروناچل پردیش کے ایٹانگر میں 5100 کروڑ روپے کی مالیت کے پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور 3700 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے بجلی کی پیداوار سے متعلق پروجیکٹوں اور توانگ میں ایک جدید کانفرنس مرکز کا سنگِ بنیاد رکھا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اروناچل پردیش کی یہ زمین اگتے سورج کی سرزمین کے ساتھ ساتھ جب الوطنی کے جوش کی بھی سرزمین ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے جی ایس ٹی سے متعلق خبر کو اپنے صفحۂ اول پر شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے، وزیر اعظم نے پیر کے روز سے نافذ ہونے والی اگلے سلسلے کی GST اصلاحات کی ایک بار پھر تعریف کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اصلاحات ملک کی ہر ریاست اور خطہ میں ترقی، سرمایہ کاری اور خود انحصادی کی بنیاد بنیں گی۔مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ GST اصلاحات سے روز مرہ کے اخراجات کم ہوں گے۔ اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ GST بچت اتسو سے پورے ملک میں خوشی کی لہر ہے۔

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے مراکش میں ہندوستانی برادری سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ: آپریشن سندور میں ہندوستانی فورسز کی کارووائی محتاط لیکن فیصلہ کن تھی۔

اخبارات کی کچھ اہم سرخیاں

* نوراتری پر ایل پی جی کنکشن 25لاکھ لوگوں کو مفت ملے گا- مرکزی حکومت کا بیان

* بحریہ کے چیف ایڈمرل دنیش کے ترپاٹھی، سری لنکا کی اعلیٰ فوجی قیادت کے ساتھ دفاعی تعاون پر بات چیت کریں گے-

* مرکزی حکومت اسرو کے سیٹلائیٹس کو دشمن طاقتوں سے بچانے کیلئے باڈی گارڈس سیٹلائیٹس کی منصوبہ بندی کر رہی ہے-

* * *

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

* حکومت نے رواں مالی سال کے دوران پردھان منتری اُجولا یوجنا کے تحت مزید 25 لاکھ LPGکنکشن فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اس سے خواتین کو بااختیار بنانے کے عزم کو تقویت ملے گی-

* بھارت اور مراکش نے دفاعی، صنعتی اشتراک کو بڑھانے کی خاطر Rabat میں دفاعی تعاون سے متعلق مفاہمت نامے پر دستخط کئے-

* صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلّی میں 71 ویں قومی فلم ایوارڈز عطا کریں گی-

* آج 10 واں نیشنل آیوروید ڈے منایا جائے گا، جو روایتی بھارتی طریقہ علاج کے عالمی سطح پر فروغ کے سلسلے میں ایک تاریخی سنگ میل ہے-

* فرانس نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں فلسطین کو ریاست تسلیم کرلیا ہے-

* اور، گرانڈ ماسٹر Divyaدیشمکھ کو آئندہ FIDE ورلڈ کپ-2025 کیلئے وائلڈ کارڈ انٹری عطا کی گئی ہے-

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا-

------------------------------------